DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT of DELHI

PRACTICE QUESTION PAPER

SESSION: 2024-25

CLASS: VIII

SUBJECT: URDU- I

TIME:2:30 Hrs. Max.Marks :60

عام ہدایات:

(1) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(2) ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(3) جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

سوال 1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 6

ایک دن مغل شہزادے مرزا جہاں گیر نے ایک انگریز پر گولی چلا دی۔ سزا کے طور پر انگریزوں نے شہزادے کو الہ آباد میں قید کر دیا۔ بے چارہ بادشاہ کچھ نہ کر سکا۔ یہ زمانہ انیسویں صدی کے شروع کا تھا۔ اس وقت اکبر شاہ ثانی حکمراں تھے۔ جب مرزا جہاں گیر قید سے رہا ہو کر دہلی آئے تو ان کی والدہ نے بڑی دھوم دھام سے مہرولی میں مشہور بزرگ خواجہ بختیار کاکی کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی۔

(i) انگریز پر گولی کس نے چلائی؟

(a) مرزا غالب (b) مرزا جہاں گیر

(c) مرزا عالم گیر (d) مرزا نور الدین

(ii) انگریزوں نے شہزادے کو کہاں قید کیا تھا؟

(a) دہلی (b) آگرہ

(c) لکھنؤ (d) الہ آباد

(iii) جہاں گیر کی والدہ نے کس کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی؟

(a) خواجہ بختیار کاکیؒ (b) حضرت نظام الدین اولیاؒ

(c) حضرت خواجہ معین الدینؒ (d) شیخ عبد القادر جیلانی

سوال2۔ درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجیے۔ 6

آیا ہے بہار کا زمانہ
باغوں کے نکھار کا زمانہ
کلیاں کیا کیا چٹک رہی ہیں
ساری روشیں مہک رہی ہیں
چڑیاں گاتی ہیں گیت پیارے
سنتے ہیں پھول چمن میں سارے

(i) کس کا زمانہ آیا ہے؟

(a) خزاں کا (b) برسات کا

(c) بہار کا (d) گرمی کا

(ii) باغوں میں کیا چٹک رہی ہیں؟

(a) کلیاں (b) پھول

(c) روشیں (d) ندیاں

(iii) چمن کے پھول کیا سنتے ہیں؟

(a) پیاری آواز (b) پیارے گیت

(c) لوگوں کی باتیں (d) ہوا کی سرسراہٹ

سوال۔3 درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔ 6

اتر پردیش کی راجدھانی لکھنؤ میں گومتی ندی کے کنارے ایک ہرا بھرا پارک ہے جسے حضرت محل پارک کہا جاتا ہے۔ انگریزوں نے اس مقام کو اپنی فتح کی یادگار قرار دیتے ہوئے وکٹوریہ پارک کہا تھا اور جس سنگ مرمر کے گنبد کے نیچے اودھ کی سلطنت کا طغرا نصب ہے ایک زمانے میں انگلستان کی ملکہ وکٹوریہ کا ایک حسین مجسمہ لگا ہوا تھا۔

(i) اتر پردیش کی راجدھانی کیا ہے؟

(a) دہلی (b) بنارس

(c) کانپور (d) لکھنؤ

(ii) کس ندی کے کنارے پارک کو حضرت محل پارک کہا جاتا ہے؟

(a) جمنا (b) گنگا

(c) گومتی (d) سرسوتی

(iii) وکٹوریہ پارک کو کیا کہا جاتا ہے؟

(a) گاندھی پارک (b) حضرت محل پارک

(c) نہرو پارک (d) کمپنی پارک

سوال 4 درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔ 6

جس طرح باغ کے پھولوں کو چمن پیارا ہے

بن میں جو کھلتی ہیں کلیاں انھیں بن پیارا ہے

یوں ہی شبنم کو بھی اپنا ہی وطن پیارا ہے

کہکشاں روز بلا کر اسے بہکاتی ہے

پر یہ دامن میں زمیں کے ہی سکوں پاتی ہے

(i) درج بالا شعری اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(a) ۔ ماں کا خواب (b) ۔ شبنم

(c) ۔ دیوالی کے دیپ جلے (d) ۔ لو پھر بسنت آئی

(ii) لفظ شبنم کے کیا معنی ہیں؟

(a) ۔ کلی (b) ۔ کانٹا

(c) ۔ اوس (d) ۔ پانی

(iii) چمن کسے پیارا ہے؟

(a) پھولوں کو   (b)۔کانٹوں کو

(c) ۔ پتّوں کو   (d)۔تتلیوں کو

سوال5۔ نیچے دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ 5

(i) کمپیوٹر   (ii) دلّی کی تاریخی عمارتیں   (iii) میرا دوست

سوال6۔ اپنے پرنسپل کے نام سیکشن بدلنے کے لیے درخواست لکھیے۔ 4

یا

چھوٹے بھائی کو امتحان میں کامیابی کی مبارکباد دینے کے لیے خط لکھیے۔

سوال 7۔ دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب دیجئے۔ 8

(i)۔ نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کے جملے بنائیے۔

عزّت۔ بیدار۔ مہمان۔ خوش گوار

(ii)۔ نیچے دیئے گئے لفظوں میں سے صرف چار کے متضاد لکھئے۔

فتح۔ نیک۔ دوست۔ ابتدا۔ بھلائی، پرانی، آسمان

(iii)۔ نیچے دیئے گئے واحد میں سے صرف چار کے جمع لکھئے۔

قوم۔ خدمت۔ تجربہ۔ لہر۔ پری۔ خیال

(iv)۔ وہ لفظ جو کسی لفظ کے پہلے لگ کر نیا لفظ بناتے ہیں انہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

سوال8۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھئے۔ 9

(i)۔ حضرت محل کی آخری آرام گاہ کہاں پر ہے؟

(ii)۔ جمیل کے گھر مہمان بن کر کون لوگ آئے؟

(iii)۔ رفیع احمد قدوائی ملک وقوم کی خاطر کتنی بار جیل گئے؟

(iv)۔ گاندھی جی نے اردو زبان سیکھنے کے لیے کس سے مدد لی؟

(v)۔ مصنّف نے برسات کا کیا حلیہ بتایا؟

سوال9۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھئے۔ 6

(i)۔لڑکے کے ہاتھ میں دیا کیوں نہیں جل رہا تھا؟

(ii)۔رات کے دل میں گھاؤ لگنے سے کیا مراد ہے؟

(iii)۔شبنم اور گوہر کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

(iv)۔نظم 'یہ ہے میرا ہندستان' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

سوال10۔ صحیح جملوں پر صحیح (✓) اور غلط پر (X) کا نشان لگائیں۔ 4

(i) کے۔ایل۔سہگل کی پہلی فلم کا نام ماں کے آنسو تھا۔ ( )

(ii) ہیرو کے رول کے لیے مناسب کردار موجود تھا۔ ( )

(iii) کے۔ایل۔سہگل بہت اچھا گاتے تھے۔ ( )

(iv) کے۔ایل۔سہگل ایک تندرست جسم کے مالک تھے۔ ( )